سلمان رحمان

ہماری خدمات: حج اور عمرہ زیارت ٹورس، ویزہ اسٹمپنگ، وکالا سروسز، انٹرنیشنل اینڈ ڈومیسٹک ایئر ٹکٹنگ

Hina Air Travel

Hajj & Umrah Ziyarat Tours, Visa Stamping, Wakala Services International & Domestic Air Ticketing.

Second Floor Shop No. 7, Universal Complex Near Noor Manzil Lalbagh, Lucknow-226001. Contact No. - 0522-4590763

Email : hinaairtravel@gmail.com

Mobile:9559322919,9415023319



لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ

# لوہیا نامہ

URDU DAILY **LOHIA NAMA** LUCKNOW



ناولٹی کلاتھ سینٹر



Latest WEDDING Gowns

Kamdar Suits and all Kind of Handicraft

Specialist in GHARARA'S

NOVELTY Cloth Center

Nazirabad, Lucknow-226018, Ph.:0522-4332331

E-mail:novelty.creations78@gmail.com



R.N.I. No.: UPURD 2013 48815 Vol. No. 12, Issue No. 315 Wednesday 19 February, 2025 Price: 1 - Pages:4 Morning Edition

جلد نمبر (۱۲) شمارہ نمبر (۳۱۵) ۱۹ر فروری ۲۰۲۵ء بروز بدھ قیمت: ایک روپیہ (صفحات: ۴)


# امت شاہ کے قریبی گیانیش کمار نئے چیف الیکشن کمشنر مقرر

## راہل گاندھی کو چیف الیکشن کمشنر کی تقرری پر اعتراض، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کو لکھا خط، سپریم کورٹ کے فیصلے کی خلاف ورزی پر حکومت کو بنایا تنقید کا نشانہ، تقرری ملتوی کرنے کا مطالبہ

**نئی دھلی (ایجنسی):** الیکشن کمشنر گیانیش کمار کو ہندوستان کا اگلا چیف الیکشن کمشنر مقرر کیا گیا ہے۔ وہ سبکدوش ہونے والے راجیو کمار کی جگہ لیں گے۔ وہ کیرالہ کیڈر کے 1988 بیچ کے آئی اے ایس افسر ہیں۔ گیانیش کمار پہلے چیف الیکشن کمشنر ہیں جنہیں الیکشن کمشنروں کی تقرری کے حوالے سے نئے قانون کے تحت تعینات کیا گیا ہے۔ اس قانون کے تحت الیکشن باڈی کے سربراہ کے انتخاب کے لیے بنائی گئی کمیٹی میں چیف جسٹس کی جگہ وزیر داخلہ کو شامل کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ اور اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی پر مشتمل سلیکشن کمیٹی نے کل پیر یعنی 17 فروری کو ان کے نام کو حتمی شکل دی اور صدر کو اس کی سفارش کی۔ الیکشن کمیشن میں اپنے دور اقتدار سے قبل گیانش کمار کئی اہم عہدوں پر فائز رہ چکے ہیں۔ ان میں وزارت دفاع میں جوائنٹ سیکرٹری، وزارت داخلہ میں جوائنٹ سیکرٹری اور ایڈیشنل سیکرٹری، وزارت پارلیمانی امور میں سیکرٹری اور وزارت تعاون میں سیکرٹری جیسے عہدے شامل ہیں۔ انہوں نے آئی آئی ٹی کانپور سے سول انجینئرنگ میں B.Tech کی ڈگری حاصل کی ہے۔ انہوں نے بزنس فائنس اور ہارورڈ یونیورسٹی سے ماحولیاتی معاشیات کی تعلیم بھی حاصل کی ہے۔

اس سے قبل گیانش کمار مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کے ساتھ وزارت داخلہ میں کام کر چکے ہیں۔ اگست 2019 میں آرٹیکل 370 کو ہٹانے کے وقت، وہ امت شاہ کی قیادت میں وزارت داخلہ میں کشمیر ڈویژن میں جوائنٹ سکریٹری کے طور پر تعینات تھے۔ مزید یہ کہ 2020 میں انہیں ایڈیشنل سیکرٹری کے عہدے پر تعینات کیا گیا۔ انہوں نے ایودھیا کیس پر سپریم کورٹ کے فیصلے سے متعلق تمام معاملات کو دیکھنے کے لئے وزارت داخلہ میں ایک ڈیسک کی قیادت بھی کی۔

وزارت قانون کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، وہ 26 جنوری 2029 تک اپنے عہدے پر برقرار رہیں گے۔ یہ تقرری نئے قانون کے تحت عمل میں آئی ہے، جس کے مطابق چیف الیکشن کمشنر اور دیگر انتخابی کمشنرز کی تقرری کے لیے وزیر اعظم، لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف اور ایک نامزد مرکزی وزیر پر مشتمل کمیٹی فیصلہ کرے گی۔

لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے اس تقرری کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ کمیٹی کی ساخت غیر متوازن ہے، کیونکہ اس سے سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کو ہٹا دیا گیا ہے۔ پیر کو منعقدہ اجلاس میں حکومت نے 5 ناموں کی تجویز دی، جن میں گیانیش کمار بھی شامل تھے، تاہم راہل گاندھی نے اس پر اعتراض کیا اور سپریم کورٹ میں اس قانون کے خلاف دائر درخواست کا حوالہ دیا۔ اس کے باوجود حکومت نے ان کی مخالفت کو نظر انداز کرتے ہوئے گیانیش کمار کی تقرری کا اعلان کر دیا۔



اس تقرری کے ساتھ ہی حکومت نے آئی اے ایس افسر وویک جوشی کو الیکشن کمشنر مقرر کرنے کا بھی اعلان کیا۔ وہ 1989 بیچ کے ہریانہ کیڈر کے افسر ہیں اور 2031 تک اپنی خدمات انجام دیں گے۔ گیانیش کمار 1988 بیچ کے کیرالہ کیڈر کے آئی اے ایس افسر ہیں۔ انہوں نے وزارت داخلہ میں اپنے دور میں آرٹیکل 370 کے خاتمے کے بعد اس کے نفاذ میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ وہ 15 مارچ 2024 کو الیکشن کمشنر کے طور پر تعینات ہوئے تھے۔ ان کی قیادت میں رواں برس کے آخر میں بہار اسمبلی انتخابات اور 2026 میں کیرالہ، تمل ناڈو، مغربی بنگال اور پڈوچیری کے انتخابات منعقد ہوں گے۔

کانگریس نے حکومت کے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سپریم کورٹ میں 2023 کے انتخابی تقرری قانون کو چیلنج کیا گیا ہے اور اس پر عدالت نے تین احکامات بھی جاری کیے ہیں۔ اگلی سماعت 19 فروری کو متوقع ہے، لہٰذا حکومت کو اس فیصلے کو موخر کرنا چاہیے تھا۔ کانگریس نے یہ بھی کہا کہ اگر حکومت سپریم کورٹ سے اس کیس کی جلد سماعت کی درخواست کرے تو وہ اس کی حمایت کرے گی۔ سپریم کورٹ 19 فروری کو اس معاملے پر سماعت کرے گا، جس کے ممکنہ فیصلے کے اثرات مستقبل میں الیکشن کمیشن کی خودمختاری پر مرتب ہو سکتے ہیں۔

حکومت کی جانب سے چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی) کی تقرری پر اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے سخت اعتراض کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ کو اختلافی نوٹ پیش کیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلے کو سپریم کورٹ کے احکامات کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ جمہوریت اور انتخابی عمل کی شفافیت کے لیے خطرناک ہے۔ راہل گاندھی نے اختلافی نوٹ میں واضح طور پر لکھا، "ایک آزاد اور خودمختار الیکشن کمیشن کی سب سے بنیادی شرط یہ ہے کہ چیف الیکشن کمشنر اور دیگر کمشنروں کی تقرری کا عمل کسی بھی حکومتی مداخلت سے آزاد ہو۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کو نظر انداز کرتے ہوئے مودی حکومت نے کمیٹی سے چیف جسٹس آف انڈیا کو خارج کر دیا ہے، جس سے لاکھوں ووٹرز کے ذہنوں میں انتخابی عمل کی شفافیت پر سنگین خدشات پیدا ہو گئے ہیں۔" انہوں نے مزید لکھا، "بطور قائد حزب اختلاف، میرا فرض ہے کہ میں بابا صاحب امبیڈکر اور ہمارے بانی رہنماؤں کے اصولوں کی پاسداری کرتے ہوئے حکومت کو جواب دہ بناؤں۔ لیکن وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کا رات گئے چیف الیکشن کمشنر کے انتخاب کا فیصلہ، جبکہ اس کمیٹی کی قانونی حیثیت خود سپریم کورٹ میں چیلنج کی جا چکی ہے اور اس پر اگلے 48 گھنٹوں میں سماعت ہونی ہے، نہایت غیر مناسب اور غیر جمہوری عمل ہے۔" راہل گاندھی نے کہا کہ حکومت کا یہ فیصلہ الیکشن کمیشن کی غیر جانبداری پر سنگین سوالات کھڑے کرتا ہے اور انتخابی نظام پر عوامی اعتماد کو مزید کمزور کرتا ہے۔ انہوں نے حکومت پر الزام لگایا کہ وہ عدلیہ کے فیصلوں کو نظر انداز کرتے ہوئے ادارہ جاتی خودمختاری کو نقصان پہنچا رہی ہے۔

یاد رہے کہ 2023 میں سپریم کورٹ نے چیف الیکشن کمشنر اور دیگر کمشنروں کی تقرری کے لیے ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ دیا تھا، جس میں وزیر اعظم، قائد حزب اختلاف اور چیف جسٹس آف انڈیا کو شامل کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ تاہم، حکومت نے ایک نئے قانون کے ذریعے چیف جسٹس کو اس کمیٹی سے نکال کر ان کی جگہ ایک وزیر کو شامل کر دیا، جس پر اپوزیشن نے شدید اعتراض کیا تھا۔ راہل گاندھی کے اختلافی نوٹ کے بعد کانگریس اور دیگر اپوزیشن جماعتوں نے بھی حکومت پر شدید تنقید کی ہے۔ کانگریس نے کہا ہے کہ حکومت جمہوری اصولوں کو کمزور کر رہی ہے اور اداروں پر سیاسی کنٹرول بڑھانے کی کوشش کر رہی ہے۔ سپریم کورٹ کی آئندہ سماعت میں اس معاملے پر کیا فیصلہ آتا ہے، یہ دیکھنا باقی ہے، لیکن اپوزیشن نے حکومت کو واضح پیغام دیا ہے کہ وہ الیکشن کمیشن کی آزادی پر کسی بھی سمجھوتے کو قبول نہیں کرے گی۔

## عبداللہ اعظم کی جیل سے رہائی کا راستہ ہموار، ایم پی-ایم ایل اے کورٹ سے ضمانت منظور



**لکھنؤ (ایجنسی):** سماجوادی پارٹی کے جنرل سکریٹری اعظم خان کے بیٹے عبداللہ اعظم کے جیل سے باہر آنے کا راستہ ہموار ہو گیا ہے۔ دشمنانہ ملکیت خرد برد سے متعلق معاملے میں عبداللہ اعظم کی ضمانت منظور ہو گئی ہے۔ رام پور کے ایم پی-ایم ایل اے مجسٹریٹ کورٹ نے عبداللہ کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم صادر کر دیا ہے۔ امید کی جا رہی ہے کہ 3 سے 4 دنوں میں وہ جیل کی سلاخوں سے باہر آ جائیں گے۔ ایک وقت تھا جب اعظم خان، ان کی شریک حیات تزئین فاطمہ اور بیٹا عبداللہ اعظم تینوں جیل میں بند تھے۔ تزئین پہلے ہی ضمانت پر جیل سے باہر آ چکی ہیں، اور اب عبداللہ کی رہائی کا پروانہ بھی صادر ہو گیا ہے۔ سابق رکن اسمبلی عبداللہ اعظم ہردوئی جیل میں بند ہیں۔ وہ 17 ماہ بعد جیل سے باہر آئیں گے۔ یوپی میں سماجوادی پارٹی کی حکومت جانے اور یوگی حکومت بننے کے بعد اعظم خاں اور ان کے کنبہ پر یکے بعد دیگرے کئی کیسز درج ہوئے تھے۔ کئی کیسز اعظم خان کے ساتھ ساتھ ان کی بیوی تزئین اور بیٹے عبداللہ پر ہوئے، جس کے بعد انھیں جیل میں بند کر دیا گیا۔ عبداللہ کو دشمنانہ ملکیت ہضم کرنے کے معاملے میں ملزم بنایا گیا تھا۔ یہ مقدمہ ریکارڈ روم کے اسسٹنٹ ریکارڈ کیپر محمد فرید کی طرف سے سول لائنس تھانے میں 9 مئی 2020 کو درج کرایا گیا تھا۔ لکھنو؟ کے پیر پور ہاو؟ س باشندہ سید آفاق احمد اور نامعلوم کے خلاف مقدمہ درج ہوا تھا۔ اس میں دشمنانہ ملکیت کو خرد برد کرنے کا الزام عائد کیا گیا تھا۔ دشمنانہ ملکیت معاملے میں ضمانت کے لیے اعظم خان نے بھی عرضی لگائی تھی۔ حالانکہ بعد میں انھوں نے عرضی واپس لے لی تھی۔ اس کے بعد عبداللہ اعظم کی ضمانت عرضی پر پیر کے روز بحث پوری ہو گئی تھی۔ معلوم ہو کہ کچھ ماہ پہلے دشمنانہ ملکیت کو خرد برد کرنے کے الزام میں پھنسے سماجوادی پارٹی لیڈر اعظم خاں و عبداللہ اعظم کو رامپور پولیس نے کلین چٹ دے دی تھی۔ اس کے بعد یہ معاملہ انتظامیہ تک پہنچا تھا۔ انتظامیہ نے اس معاملے پر دوبارہ غور و خوض کا حکم دیا تھا۔ ایس پی نے اس معاملے کی جانچ کرائم سیل کے انسپکٹر نواب سنگھ کو سونپی تھی۔ نواب سنگھ اس وقت شہر کوتوال ہیں۔

## آپ بغیر شادی کے کھلے عام ساتھ رہ رہے ہیں، تو لیو-اِن کی رازداری کیسے ختم ہو گئی؟ یوسی سی پر ہائی کورٹ کا سوال



**نینی تال (ایجنسی):** اتراکھنڈ میں 27 جنوری کو یکساں سول کوڈ (یوسی سی) نافذ ہو گیا، جس کے بعد اس کے کئی پہلوؤں پر بحث چھڑ گئی ہے۔ خاص طور پر لیو-اِن ریلیشن شپ کے لازمی رجسٹریشن کے معاملے پر سوال اٹھائے جا رہے ہیں۔ کئی افراد اس شرط کو نجی زندگی میں مداخلت قرار دے رہے ہیں۔ اسی کے پیش نظر، ہائی کورٹ میں اس قانون کو چیلنج کیا گیا ہے۔ 23 سالہ شخص کی دائر کردہ درخواست پر سماعت کے دوران، اتراکھنڈ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جی نریندر نے کہا کہ حکومت نے لیو-اِن ریلیشن شپ پر پابندی عائد نہیں کی، بلکہ صرف اس کا رجسٹریشن لازمی قرار دیا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب لوگ بغیر شادی کے کھلے عام ساتھ رہ رہے ہیں، تو رجسٹریشن سے رازداری کیسے متاثر ہو رہی ہے؟ جسٹس آلوک مہرا کی بینچ میں درخواست گزار جے تریپاٹھی کے وکیل ابھیجے نیگی نے دلیل دی کہ یوسی سی کے تحت لیو-اِن ریلیشن شپ کا لازمی رجسٹریشن افواہوں کو بڑھاوا دے گا۔ انہوں نے سپریم کورٹ کے 2017 کے فیصلے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یہ ان کے موکل کی نجی زندگی میں مداخلت کے مترادف ہے، کیونکہ وہ اپنے تعلق کو باضابطہ طور پر رجسٹرڈ نہیں کرانا چاہتے۔ عدالت نے اس دلیل کو مسترد کرتے ہوئے واضح کیا کہ یوسی سی میں کسی بھی طرح کے عوامی اعلان کی شرط شامل نہیں، بلکہ محض رجسٹریشن کی بات کی گئی ہے۔ چیف جسٹس نے مزید کہا کہ اگر کوئی جوڑا ساتھ رہ رہا ہے، تو یہ اس کے آس پاس کے لوگوں کو معلوم ہوتا ہے۔ اس میں کون سی ایسی رازداری ہے جو متاثر ہو رہی ہے؟ کیا وہ لوگ کسی غار میں چھپ کر رہ رہے ہیں؟ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل نے ایک حالیہ واقعے کا حوالہ دیا، جہاں بین المذاہب لیو-اِن ریلیشن شپ کی وجہ سے ایک نوجوان کو قتل کر دیا گیا تھا۔ اس پر چیف جسٹس نے کہا کہ اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے عوام میں بیداری پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی شخص پر غیر قانونی دباؤ ڈالا جاتا ہے، تو وہ عدالت سے رجوع کر سکتا ہے۔ یہ معاملہ ابھی عدالت میں زیر غور ہے اور یوسی سی کے مختلف پہلوؤں پر قانونی بحث جاری ہے۔ اتراکھنڈ ہائی کورٹ میں یوسی سی کے تحت شادی، طلاق اور لیو-اِن ریلیشن شپ کے قوانین کو چیلنج کرنے والی دو دیگر درخواستیں بھی زیر التوا ہیں، جن میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ان قوانین سے شہریوں کے بنیادی حقوق متاثر ہو رہے ہیں۔

## سڑک حادثے میں 5 افراد ہلاک، 8 زخمی

**بھنڈ (یو این آئی)** مدھیہ پردیش کے بھنڈ ضلع کے بھنڈ-اٹاوہ روڈ پر جواہر پورہ گاؤں کے نزدیک آج صبح ڈمپر کی ٹکر سے ایک گاڑی میں سوار پانچ افراد کی موت اور آٹھ دیگر زخمی ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق لوڈنگ آٹو میں سوار ایک درجن سے زائد لوگ شادی کی تقریب کے بعد جواہر پورہ گاؤں سے بھوانی پورہ گاؤں واپس آ رہے تھے۔ اسی دوران یہ حادثہ جواہر پورہ گاؤں کے نزدیک ہوا۔ ایک تیز رفتار ڈمپر نے سڑک کے کنارے کھڑے لوڈنگ آٹو کو ٹکر مار دی۔ جس کی وجہ سے اس میں سوار افراد متاثر ہوئے۔ زخمیوں کو یہاں کے اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ حادثے کے بعد گاؤں والوں نے جائے واردات کے علاقے بھنڈ رورل پولیس اسٹیشن میں سڑک پر جام لگا دیا۔ وہ ضلعی انتظامیہ اور عوامی نمائندوں کے خلاف شدید غصے کا اظہار کرتے ہوئے نعرے لگا رہے تھے۔ اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچی اور سمجھا کر حالات کو کنٹرول میں کیا۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ تنگ شاہراہ اور بھاری ٹریفک کی وجہ سے یہاں حادثات ہوتے رہتے ہیں۔

## یوپی اسمبلی کے بجٹ سیشن کا آغاز، سماجوادی پارٹی کا ہنگامہ، کارروائی ملتوی

### گورنر کے خطاب کے دوران زبردست نعرے بازی، بجٹ 20 فروری کو ہوگا پیش




**لکھنؤ (ایجنسی):** اتر پردیش اسمبلی کا بجٹ اجلاس منگل کو یعنی آج شروع ہو گیا، جہاں پہلے ہی دن سماجوادی پارٹی (ایس پی) کے اراکین نے زبردست احتجاج کیا۔ جیسے ہی گورنر آنندی بین پٹیل نے اپنا خطاب شروع کیا، ایس پی اراکین نے نعرے بازی شروع کر دی، جس کے سبب ایوان میں شور و غل دیکھنے کو ملا۔ احتجاج کے پیش نظر اسمبلی کی کارروائی دوپہر 12:30 بجے تک کے لیے ملتوی کر دی گئی۔

بجٹ سیشن کے آغاز سے قبل ہی سماجوادی پارٹی کے ارکان نے احتجاج کی منصوبہ بندی کر لی تھی۔ وہ اسمبلی کے باہر سے ہی نعرے لگاتے ہوئے آئے اور سابق وزیر اعظم چودھری چرن سنگھ کے مجسمے کے قریب جمع ہو کر مظاہرہ کیا۔ ایس پی کے ایم ایل اے اتل پردھان زنجیروں میں جکڑے ہوئے اسمبلی پہنچے، جبکہ دیگر کارکنان ہاتھوں میں تختیاں اور گھڑے لیے نظر آئے۔ گھڑوں پر 'اخلاقیات کا استھی کلش' تحریر تھا، جبکہ تختیوں پر مختلف نعرے درج تھے، جن میں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) پر ریاست میں بھائی چارہ ختم کرنے کا الزام لگایا گیا تھا۔ اسی دوران سماجوادی پارٹی کے ایم ایل سی آشوتوش سنہا سائیکل پر اسمبلی پہنچے۔ ان کی سائیکل پر بھی ایک مٹکی بندھی تھی، جس پر 'اخلاقیات کا استھی کلش' لکھا ہوا تھا۔ دوسری جانب گورنر آنندی بین پٹیل نے اپنے خطاب میں ریاستی حکومت کی پالیسیوں اور کامیابیوں کو اجاگر کیا۔ تاہم، گورنر کا خطاب مکمل ہونے سے پہلے ہی ایوان میں ہنگامہ بڑھ گیا، جس کے سبب کارروائی 12:30 بجے تک ملتوی کر دی گئی۔ اسمبلی کے بجٹ سیشن کو لے کر نائب وزیر اعلیٰ برجیش پاٹھک نے کہا کہ حکومت ریاست کی ترقی کے لیے پرعزم ہے اور اس سیشن میں کئی اہم موضوعات پر غور کیا جائے گا۔ انہوں نے اپوزیشن سے تعاون کی امید بھی ظاہر کی۔ وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اپوزیشن کو شکست کی مایوسی میں اپنی ناراضگی ایوان پر نہیں نکالنی چاہیے بلکہ مثبت رویہ اختیار کرنا چاہیے تاکہ ایوان کی کارروائی احسن طریقے سے چل سکے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ہر سوال کا مدلل جواب دینے کے لیے تیار ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ اسمبلی تعمیری بحث و مباحثے کا مرکز بنے۔

بجٹ سیشن کے دوران 20 فروری کو مالی سال 2025-26 کا عام بجٹ پیش کیا جائے گا۔ یہ اجلاس 18 فروری سے 5 مارچ تک جاری رہے گا۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ یوپی کی تاریخ میں کم ہی ایسے مواقع آئے ہیں جب اسمبلی کو اتنے طویل وقت کے لیے طلب کیا گیا ہو۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ تمام جماعتیں اس سیشن کو بامقصد اور نتیجہ خیز بنانے میں کردار ادا کریں گی۔

## 'مہاکمبھ بنا مرتیوکمبھ'، مغربی بنگال اسمبلی میں وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے پریاگ راج کی بدنظمی کو بنایا ہدف تنقید



**کولکتہ (ایجنسی):** مغربی بنگال کی وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے 18 فروری کو ریاستی اسمبلی میں ایک ایسا بیان دے دیا جس نے ہنگامہ برپا کر دیا ہے۔ انھوں نے اتر پردیش کے پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میلہ میں بدنظمی معاملہ پر مرکزی حکومت کے ساتھ ساتھ یوگی حکومت کی بھی تنقید کی۔ اس دوران انھوں نے 'مہاکمبھ' کو 'مرتیوکمبھ' تک کہہ ڈالا۔ مہاکمبھ میں پیش آ رہے حادثات اور بھگدڑ میں ہوئیں اموات کے تعلق سے ممتا بنرجی نے یہ تلخ تبصرہ بنگال اسمبلی میں کیا۔ انھوں نے میلہ میں بدانتظامی کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ "مہاکمبھ تو مرتیوکمبھ میں بدل گیا ہے۔ میں مہاکمبھ اور گنگا ماں کا احترام کرتی ہوں، لیکن (وہاں جانے کا) کوئی منصوبہ نہیں ہے۔" وہ مزید کہتی ہیں کہ "امیروں اور وی آئی پی لوگوں کے لیے ایک لاکھ روپے تک کے کیمپ (ٹینٹ) دستیاب ہیں، لیکن غریبوں کے لیے کوئی انتظام نہیں ہے۔ میلے میں بھگدڑ کی حالت عام ہے، لیکن مناسب مینجمنٹ ضروری ہے۔" انھوں نے بی جے پی حکومت سے یہ سوال بھی کیا کہ کیا آپ نے کوئی منصوبہ بنایا تھا؟ بی جے پی پر تلخ تبصرہ کرتے ہوئے ممتا بنرجی نے کہا کہ پارٹی اپنے سیاسی مفاد کو حاصل کرنے کے لیے مذہب کا استعمال کر رہی ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ "اظہارِ رائے کی آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ بی جے پی اراکین اسمبلی نفرت پھیلائیں اور سماج کو بانٹیں۔" وزیر اعلیٰ نے بی جے پی کے ان الزامات پر بھی تبصرہ کیا جس میں کہا گیا تھا کہ ان کا بنگلہ دیشی کٹر پسندوں سے رشتہ ہے۔ انھوں نے چیلنج پیش کرتے ہوئے کہا کہ "اگر بی جے پی یہ ثابت کر دے کہ میرا بنگلہ دیشی کٹر پسندوں سے رشتہ ہے، تو میں وزیر اعلیٰ عہدہ سے استعفیٰ دے دوں گی۔" اسمبلی میں مہاکمبھ کے تعلق سے ممتا بنرجی کے متنازعہ بیان پر حزب اختلاف کے قائد اور بی جے پی لیڈر شبھیندو ادھیکاری نے سخت ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ شبھیندو کے ساتھ ساتھ دیگر بی جے پی اراکین اسمبلی نے بھی مہاکمبھ کے لیے 'مرتیوکمبھ' والے تبصرہ پر ناراضگی ظاہر کی اور احتجاجی مظاہرہ کرتے ہوئے نعرے بھی لگائے۔ شبھیندو ادھیکاری نے کہا کہ "بنگال کے کچھ علاقوں میں ملک مخالف سرگرمیاں بڑھ رہی ہیں اور اس کے لیے ممتا بنرجی ذمہ داری ہیں۔"




Rahat® HERBAL

جوڑوں اور بدن کا درد آپ کی زندگی کی خوشیوں کو ختم نہیں کر سکتی کیونکہ نورامنٹ ہے نہ فوراً درد دور کرنے کے لیۓ۔

نورامنٹ

تیل و کریم

تیز درد کی تیز اثر دوا

پرانے سے پرانے جوڑوں کا درد، بدن درد، کمر درد، گھٹنے کا درد، پیٹھ کا درد، چوٹ، موچ، سوجن، بواسیر اور مچھر کے کاٹنے میں نہایت اثردار

Rahat Herbal Industries, Roorkee, Haridwar (U.K.)

Sales Enquiry : 9415238786, 9415216310, 9628117826, 9935019690

www.rahatgroup.com • Email : care@rahatgroup.com


## قرآن وسنت کی پیروی ہی پوری انسانیت کیلئے مشعل ہدایت

### کالی کٹ مرکز الثقافہ میں ۵۰ ویں سالانہ ختم البخاری کانفرنس اختتام پذیر، ہزاروں کی تعداد میں ثقافی علما کی شرکت

**کالی کٹ (عبدالکریم امجدی)**

فرمانِ خداوندی ہے میں تم میں دو چیزیں چھوڑ رہا ہوں، جب تک تم ان دونوں چیزوں کو مضبوطی سے تھامے رہو گے ہرگز گمراہ نہیں ہو سکو گے۔ اللہ کی کتاب یعنی قرآن مقدس اور سنت یعنی احادیث رسول۔ مذکورہ خیالات کا اظہار کالی کٹ جامعہ مرکز کے بانی و گرانڈ مفتی آف انڈیا شیخ ابوبکر احمد نے ۵۰ ویں سالانہ ختم البخاری کانفرنس کے اختتامیہ اجلاس کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیرت طیبہ کا پیغام اور احادیث رسول کی تعلیمات ایک مکمل رہنمائے اصول کی حیثیت رکھتی ہے، امت مسلمہ اگر مضبوطی سے عمل پیرا ہو جائے تو انسانی زندگی کے تمام مسائل کا حل نکل جائے گا۔ شیخ ابوبکر احمد نے کہا کہ مسلمان اپنے ایمان و عقائد میں پختگی پیدا کریں، برائیوں سے اجتناب کریں۔ شیخ نے فارغین علما کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ فارغ ہونے کے بعد ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں، دعوت و تبلیغ اور امت کی اصلاح کا اہم فریضہ علما کے کندھوں پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ فارغین حضرات خلوص وللہیت کے ساتھ دعوت و تبلیغ کا کام انجام دیں، تقویٰ شعار صفت



انسان بننے کی کوشش کریں۔ واضح رہے کہ جامعہ مرکز میں منعقدہ ختم البخاری کانفرنس کے آخری سیشن میں شیخ ابوبکر احمد نے ملک و بیرون ممالک کی مقتدر شخصیات، سادات، علما و مشائخ اور اہل قلم کی موجودگی میں بخاری شریف کا آخری درس دیا۔ الدین والنصیحہ، سیرت رسول کی تلقین کی۔ سامعین کے دلوں میں سکتہ طاری ہو گیا، ہر طرف فلک شگاف آمین کی صداؤں سے مجمع گونج اٹھا۔ کانفرنس کا افتتاح عالم اسلام کی عظیم شخصیت بغداد شریف کے عراقی شیخ ڈاکٹر عمر محمود السامرائی نے کیا۔ انہوں نے افتتاحی خطاب میں امام بخاری کے حالات زندگی پر جامع خطاب کیا، انہوں نے اسلاف کی تعلیمات کی تلقین کی۔ تہنیتی خطاب ڈاکٹر حسین ثقافی نے پیش کیا۔ دکتور بلال الحلاق نے کہا کہ مسلمان اپنے دلوں میں محبت رسول پیدا کریں، تقویٰ اختیار کریں، آثار اسلام کی پاسداری کریں۔

انہوں نے شیخ ابوبکر احمد کی خدمات کو سراہا۔ خیال رہے کہ ریاست کیرل کا ختم البخاری اجلاس سب سے بڑا روحانی اجتماع ہوتا ہے جس میں ہزاروں علما، سادات، مشائخ شریک ہوتے ہیں اور آخری درس حدیث سے فیض یاب ہوتے ہیں۔ کانفرنس کے معزز شرکاء معروف صوفی یمنی عالم دین سید عمر بن حفیظ بن سالم، عمر محمود حسین زمری عراق، سیف الدین رحمت اللہ ازبکستان، شیخ عبدالرحمٰن سعودیہ عربیہ، عبدالصمد رشین، محمد شفیق امینی ملیشیا، احمد عبداللہ کزاغستان، محمد سیف الدین عادل بن ایوب سنگاپور کے اسما قابل ذکر ہیں۔ اس موقع پر شیخ ابوبکر احمد کی گرانقدر تصنیف بخاری شریف کی عربی شرح کا رسم اجرا بھی عمل میں آیا۔ علاوہ ازیں طلبا کی متعدد کتب کی بھی رونمائی ہوئی۔ سید ابراہیم خلیل بخاری، سید عمر بن حفیظ، ڈاکٹر عبدالحکیم ازہری نے بھی خطاب کیا۔ آخری سیشن میں سادات و مشائخ کی موجودگی میں حلقہ ذکر اور ملک و ملت کے لئے خصوصی دعائیں ہوئیں۔ صلوۃ ودعاء پر سہ روزہ ختم البخاری کانفرنس اختتام پذیر ہوئی۔

# فطرت سے بغاوت، تربیت کا فقدان...



ڈاکٹر سید آصف عمری، حیدرآباد

اگر ہم سب خاص طور پر جوان اور بوڑھے لوگ غور کریں کہ ہم کیا ہیں، ہمیں کیوں پیدا کیا گیا، کیا یہی مقصد ہے ہمارے پیدا کئے جانے کا؟ ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ وقت ہے، وقت ایک امانت ہے، قیامت کے دن ہم سے زندگی کے ہر لمحہ اور وقت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ جوانی کے اوقات کیسے اور کہاں گزارے، جب ہمارے ہمارے ہاتھوں میں دولت تھی اس وقت ہم نے کیا کیا، جب ہم تندرست اور صحت مند تھے اس وقت کیا کر رہے تھے اور جب ہم فرصت کے اوقات میں تھے تو کیا کر رہے تھے، ہر چیز کا حساب دینا ہے، اس لئے وقت کو صحیح استعمال کریں بے کار مقصد باتوں اور کاموں میں ہرگز ہرگز نہ ضائع کریں۔ ہماری زندگی کا ایک اہم مرحلہ احساس و احترام انسانیت ہے۔ اپنا پیٹ اپنی خواہش اپنی مرضی اپنی چاہت کے لئے تو ہر کوئی جی رہا ہے مگر ایسے لوگ کہاں ہیں جو دوسروں کی بھی فکر کریں، پریشان حال مصیبت زدہ مجبور لوگوں کا احساس اور ان کا خیال کرنا اعلیٰ ظرف انسان کی پہچان ہے۔ کسی دردمند شاعر نے معاشرہ اور سماج کے ایک دردمند پہلو کو یوں بیان کیا ہے۔

بچہ پیدائش سے پہلے مادر رحم میں خالق کائنات مالک ارض وسماء اللہ تعالیٰ کے حکم اور قدرت سے 9 ماہ کم یا زیادہ مدت مختلف مراحل سے گزرتے ہوئے فطرت پر دنیا میں قدم رکھتا ہے، جس کا ذکر قرآن مجید میں کیا گیا۔ 'فطرۃ اللہ التی فطر الناس علیہا' یعنی ہر بچہ یعنی توحید اور اسلام پر پیدا ہوتا ہے۔ خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا 'ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہ اس کے ماں باپ ہوتے ہیں جو اُسے یہودی، عیسائی یا مجوسی بنا دیتے ہیں (صحیح بخاری 1358) راز زندگی کو اسی فطرت سے سمجھا جائے یہی ہر انسان کی اصل ہے اور اسی پر باقی رہنے کا حکم بھی دیا گیا۔ کہیں 'ادخلوا فی السلم کافۃ' کہہ کر کہیں 'صبغۃ اللہ' کہہ کر کہیں 'اعبدواللہ' کہہ کر۔ لہٰذا ہر انسان اپنی اسی فطرت پر غور کرے اور اللہ کے رنگ کو اختیار کرلو، یعنی ایمان و توحید کو دل میں اتارلو۔ یہ رنگ نہایت پکا ہے۔ یعنی پیدا ہونے والا ہر بچہ اپنی اصل یعنی توحید پر ہے، تم اس کو فطرت سے مت ہٹاؤ۔ اگر تم نے ایسا کیا تو یہ خالق و مالک یعنی اللہ تعالیٰ کے ساتھ بغاوت ہوگی۔ اپنی فطرت پر باقی رہنے والا بچہ جب روتا ہے تو غور کریں کہ وہ اللہ اللہ کہتا ہے۔ اب اس کا نام بھی اچھا رکھو۔ لڑکا ہو تو عبداللہ، عبدالرحمن اور لڑکی ہو تو اَمۃُ الرحمن، اَمۃُ الخالق وغیرہ۔ ساتویں دن عقیقہ کرو اور ختنہ کی سنت بھی ہونی چاہئے پھر جب کچھ بولنے لگے تو اس کی زبان پر اللہ کا نام جاری کراؤ۔ اس طرح پہلا سبق اور درس اسے ماں سے ملتا ہے، لہٰذا ماں کا تعلیم یافتہ اور دیندار ہونا بہت ضروری ہے کیوں کہ بچہ سب سے زیادہ ماں کے ساتھ رہتا ہے، وہ ماں کی نقل کرتا ہے جو ماں کرتی اور بولتی ہے اس کا اثر بچہ میں سرایت کر جاتا ہے۔ یہی عمر یعنی پیدائش سے دو تین سال کی عمر صحیح تربیت کی ہے، اس کے بعد جو بھی کرتا ہے یا کہتا ہے اپنی ماں سے سیکھے ہوئے الفاظ عادات اطوار دہراتا ہے۔ اس لئے ماں بچہ کی پہلی درس گاہ تربیت گاہ اور مدرسہ ہے۔ یہاں جو کچھ سیکھے گا وہی آگے چل کر اس کی زندگی کی عمارت تعمیر ہوگی جب بنیاد صحیح ہوگی تو عمارت بھی صحیح ہوگی۔ اگر بنیاد غلط ہے، کمزور ہے، کھوکھلی ہے اور بنیاد میں نہ ایمان ہے، نہ اخلاق اور نہ حیاء تو اس کو کوئی مدرسہ یا اسکول اچھا انسان نہیں بنا سکتا۔

پھر ماحول سے بھی بہت کچھ سیکھتا ہے۔ گھر کا ماحول، اڑوس پڑوس، دوست واحباب، اسکول مدرسہ و مکتب سے اس کے اندر بہت ساری تبدیلیاں آتی ہیں۔ ساتھ ہی ساتھ اس نے اپنے والدین سے جو سیکھا دیکھا اس کا اثر بھی چھوڑتا ہے اور یہی عمر یعنی تین چار سال سے لے کر دس بارہ سال تک اس کی پرورش اور پروان چڑھنے کی ہوتی ہے۔ اس عمر اور ماحول میں اچھے ساتھی اچھے لوگ میسر آتے ہیں تو اپنے اندر مثبت تبدیلی لاتا ہے۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، لہٰذا اسے دیکھنا چاہئے کہ وہ کسے اپنا دوست بنا رہا ہے، بناؤ اور بگاڑ کے لئے یہ عمر بہت معنی رکھتا ہے۔ لہٰذا والدین اپنی اولاد کو اچھا ماحول دیں کس سے اس کی دوستیاں اور تعلقات ہیں اس پر کڑی نظر رہنی چاہئے۔ دور حاضر میں بچوں کے بگڑنے کا زیادہ تر انحصار اسمارٹ فون پر ہے، یہ بچہ کا بڑا گہرا دوست ہے۔ اگر ماں باپ اپنی اولاد پر توجہ نہ دی تو بچپن میں اچھی تربیت کے باوجود بگڑ جائے گا، کیوں کہ سل فون اس کا بہت بُرا ساتھی ہے، یہاں چوں کہ سارے App کے دروازے کھلے ہیں اور Window پر ایک شیطان بیٹھا اس پر اپنی جال اور چال میں پھانسنے کے لئے تیار بیٹھا ہے اس سے ہوشیار اور چوکنا رہنا ہے۔ اسی ماحول اور عمر میں اسے اچھا اور برا کیا ہے، جائز و ناجائز، حلال و حرام کی تعلیم دینا چاہئے اور یہ تعلیم اسے اچھے والدین، اساتذہ، اچھے ساتھی اور دیندار طبقہ سے ملتی ہے۔ بچے کی ہر ضد اور خواہش کو ماں باپ پوری کر کے اس کو بگاڑ دیتے ہیں، اپنی محنت اور کمائی کی بڑی رقم بچوں کی تباہ کن خواہشات میں لگا کر بچوں کو گویا جہنم میں ڈھکیلنے کا سامان مہیا کرتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے ایمان والوں کو حکم دیا کہ وہ اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں اہل وعیال کو جہنم کی آگ سے بچائیں (سورۃ التحریم)

آج یہی اسمارٹ فون اور سوشل میڈیا فتنہ آزمائش اور عذاب بن گیا ہے، اس پر کنٹرول کرنا بہت ضروری ہے۔ یہ میزائل سے زیادہ خطرناک اور تباہ کن ہے۔ یہ ہر چھوٹے بڑے، مرد عورت، جوان اور بوڑھے کا امام، پیشوا، قائد بلکہ خدا بن گیا۔ باطل خدا جو اس کو حقیقی معبود سے گمراہ کر رہا ہے، دور کر رہا ہے۔ ہر چھوٹا بڑا گناہ کروانے میں یہ بہت آگے ہے۔ اسی سے بچوں میں جرائم، میاں بیوی میں جھگڑے، طلاق اور خلع، معاشرہ میں قتل وغارت گری، سماج میں فتنہ و فساد رونما ہو چکے ہیں۔ یوں تو سوشل میڈیا، سل فون، اسمارٹ فون اور آئی فون کے بہت فتنے اور تباہ کاریاں ہیں۔ سرفہرست یہ کہ اس گمراہ کن ہتھیار نے انسان کو حیوان اور درندہ بنا دیا ہے۔ وہ خواہشات کا غلام بن گیا۔ اپنے خالق و مالک سے بہت دور ہوگیا، اپنے پرائے ہوگئے۔ قریب رہنے والے بلکہ ایک گھر میں رہ کر بھی رشتہ دار بہت دور ہو گئے ہیں۔ ادب، اخلاق، بڑوں کا احترام، چھوٹوں پر شفقت ختم ہوگیا ہے۔ اس کا شوق اور دیوانگی سے رات کی نیندیں حرام ہے۔ والدین کا مقام اور احترام ختم ہوگیا۔ گناہ اور برائیاں آسان ہوگئی۔ جھوٹ عام ہوگیا۔ یہ کھلا حمام ہے جس میں سب ننگے ہوگئے ہیں۔ آخر اس عالمی مرض Smart Phone کا علاج کیا؟ کیوں اتنے دیوانے ہوگئے اور کیوں اس کے اتنے عاشق ہوگئے، اس کے کیا اثرات ہماری زندگی پر ہو رہے ہیں، کسی کو پتہ نہیں۔ کوئی چارٹنگ میں، کوئی واٹس ایپ میں، کوئی انسٹراگرام میں، کوئی فیس بک میں اتنے مصروف کہ کب اذان ہوئی، کب ماں نے پکارا اور کب باپ نے آواز دی معلوم نہیں ہوگا۔ اتنے ڈوب گئے اور اتنی گہرائیوں میں چلے گئے کہ گھنٹوں یوں ہی سوشل میڈیا کی نذر ہو رہے ہیں۔ کوئی اس پر کنٹرول کیوں کر نہیں پا رہا ہے آخر وجہ کیا ہے؟

اگر ہم سب خاص طور پر جوان اور بوڑھے لوگ غور کریں کہ ہم کیا ہیں، ہمیں کیوں پیدا کیا گیا، کیا یہی مقصد ہے ہمارے پیدا کئے جانے کا؟ ہمارا سب سے قیمتی سرمایہ وقت ہے، وقت ایک امانت ہے، قیامت کے دن ہم سے زندگی کے ہر لمحہ اور وقت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ جوانی کے اوقات کیسے اور کہاں گزارے، جب ہمارے ہمارے ہاتھوں میں دولت تھی اس وقت ہم نے کیا کیا، جب ہم تندرست اور صحت مند تھے اس وقت کیا کر رہے تھے اور جب ہم فرصت کے اوقات میں تھے تو کیا کر رہے تھے، ہر چیز کا حساب دینا ہے، اس لئے وقت کو صحیح استعمال کریں بے کار مقصد باتوں اور کاموں میں ہرگز ہرگز نہ ضائع کریں۔ ہماری زندگی کا ایک اہم مرحلہ احساس و احترام انسانیت ہے۔ اپنا پیٹ اپنی خواہش اپنی مرضی اپنی چاہت کے لئے تو ہر کوئی جی رہا ہے مگر ایسے لوگ کہاں ہیں جو دوسروں کی بھی فکر کریں، پریشان حال مصیبت زدہ مجبور لوگوں کا احساس اور ان کا خیال کرنا اعلیٰ ظرف انسان کی پہچان ہے۔ کسی دردمند شاعر نے معاشرہ اور سماج کے ایک دردمند پہلو کو یوں بیان کیا ہے۔

خوددار میرے شہر کا فاقوں سے مر گیا
راشن جو آ رہا تھا وہ افسر کے گھر گیا
چڑھتی رہی مزار پہ چادر تو بے شمار
باہر جو اک فقیر تھا سردی سے مر گیا
روٹی امیر شہر کی کتوں نے چھین لی
فاقہ غریب شہر کے بچوں میں بٹ گیا
چہرہ بتا رہا تھا کہ مارا ہے بھوک نے
حاکم یہ کہہ دیا ہے کہ کچھ کھا کے مر گیا


یہی کچھ صورت حال ہے ہمارے ملک اور دیگر ریاستوں کی۔ فطرت سے بغاوت تربیت کا فقدان اور مقصدیت سے غافل افراد کے لئے یہی پیغام اور حل ہے کہ

تو اگر نہیں بنتا میرا نہ بن اپنا تو بن
اپنے من میں ڈوب کے پا جا سراغ زندگی
یہ زندگی کیا ہے ایک عارضی اور فانی جگہ اور وقت مقررہ یا مہلت عمل ہے۔
زندگی کیا ہے عناصر کا ظہور ترتیب
موت کیا ہے ان ہی اجزاء کا پریشاں ہونا

بامقصد زندگی، راز حیات اور سراغ زندگی کے لئے منصوبہ بند جہد و عمل درکار ہے۔ زندگی کو بامعنی بنانے کے لئے ضروری ہے کہ آدمی کے وہ ناموافق حالات کا رونے والا نہ ہو بلکہ منزل مقصود کی تلاش میں سرگرداں ہو، سکھ دکھ کے ساتھ سب کچھ سہنا ہوگا اور مالک حقیقی رب العالمین کی خوشنودی و فرمانبرداری ہی مقصد حیات ہے۔ وہ رواج پرستی، نفس پرستی، سماج پرستی کو چھوڑ کو صرف اللہ تعالیٰ کی بندگی کو اپنے لئے حرز جان بنالے۔ صرف سوچتا نہ رہے بلکہ فکر کے ساتھ عمل کی کمندیں ڈال کر آغاز سفر کرکے صداقت و شجاعت کے ساتھ آگے بڑھتا رہے۔ ماضی کے حالات سے سبق حاصل کرے، امکانات کبھی ختم نہیں ہوتے، شرط ہے استحکام و استقلال کے ساتھ بڑھتے رہنے کی۔

موبائل نمبر: 9885650216

## حدیث نبوی ﷺ



رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: تم میں سے کوئی کامل مومن اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لئے وہی چیز نہ پسند کرے جو اپنے لئے کرتا ہے۔

صحیح بخاری

لکھنؤ سے شائع ہونے والا اردو روزنامہ
لوہیا نامہ
URDU DAILY LOHIA NAMA LUCKNOW

# بجٹ 2025: اوسط ہندوستانی خاندانوں کے لیے کچھ بھی نہیں!

بجٹ کے پیچھے ایک نظریہ ہونا چاہیے لیکن اس بجٹ کے پیچھے کوئی واضح نظریہ نظر نہیں آتا۔ یہ بجٹ سیاسی مفادات کے تحت تیار کیا گیا معلوم ہوتا ہے۔ وزیر خزانہ نے وزارتِ خارجہ کے لیے 517,20 کروڑ روپے مختص کیے ہیں، جبکہ پچھلے سال اس مد میں 915,28 کروڑ روپے کا بجٹ تھا۔ کیا ہم اپنی عالمی موجودگی کو کم کر رہے ہیں؟ کیا ہم سفارت خانے اور قونصل خانے بند کر رہے ہیں؟ گزشتہ ہفتے وزارتِ خارجہ امریکہ سے جبری ملک بدری کے مسئلے کو سنبھالنے میں ناکام رہی۔ حکومت کو معلوم تھا کہ 483 مزید ہندوستانیوں کو غیر قانونی تارکین وطن کے طور پر شناخت کیا گیا ہے لیکن یہ واضح نہیں کہ ان کی ملک بدری کب ہوگی۔ کیا حکومت انہیں واپس لانے کے لیے ہندوستانی طیارے بھیجے گی؟ انکم ٹیکس میں کمی اس بجٹ کا سب سے بڑا نکتہ رہا ہے۔ حکومت نے ٹیکس کی حد 7 لاکھ سے بڑھا کر 12 لاکھ کردی ہے، جس سے تقریباً 80 سے 85 لاکھ افراد ٹیکس کے دائرے سے باہر ہوجائیں گے۔ اس سے نہ صرف متوسط طبقہ بلکہ امیر ترین افراد کو بھی فائدہ ہوگا۔

وزیر خزانہ نے دعویٰ کیا ہے کہ انہوں نے 1 لاکھ کروڑ روپے کا ریونیو چھوڑ دیا ہے، پھر بھی وہ 2025-26 میں 1.11 فیصد ٹیکس ریونیو میں اضافے کا دعویٰ کر رہی ہیں۔ یہ معاشی منطق نہیں، بلکہ جادو ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ اس 1 لاکھ کروڑ روپے سے معیشت کو تحریک ملے گی، لیکن اس کا ایک حصہ بچت، قرضوں کی ادائیگی، بیرون ملک تعلیم اور سیاحت پر بھی خرچ ہوگا۔ معیشت کی ترقی کے لیے صرف کھپت پر انحصار نہیں کیا جا سکتا، برآمدات اور سرمایہ کاری جیسے دیگر عوامل پر بھی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

وزیر اعظم کے نئے روزگار پیدا کرنے کے پروگرام اور نئے روزگار پیدا کرنے کے پروگرام میں کیا فرق ہے؟ حکومت نے پچھلے سال روزگار اسکیموں کے لیے 318,28 کروڑ روپے مختص کیے، لیکن 31 مارچ تک صرف 035,20 کروڑ روپے خرچ کیے گئے۔ باقی 000,8 کروڑ روپے کیوں خرچ نہیں کیے گئے؟ پیداوار سے جُڑی ترغیب (PLI) اسکیم مکمل طور پر ناکام رہی ہے۔ آمدنی اور اجرت میں کمی، گھریلو بچت میں کمی اور گھریلو قرضوں میں اضافہ تشویشناک ہے۔ بجٹ میں نچلے 50 فیصد عوام کے لیے کچھ بھی نہیں رکھا گیا، جبکہ اوپر کے 50 فیصد کو فائدہ دیا گیا ہے۔ ہندوستان کی عالمی مینوفیکچرنگ میں شراکت 8.2 فیصد ہے، جبکہ چین کی 8.28 فیصد ہے، جو ظاہر کرتا ہے کہ مینوفیکچرنگ کے شعبے میں ہم پیچھے ہیں۔ 2012 سے 2024 کے درمیان غذائی افراطِ زر 18.6 فیصد، تعلیمی افراطِ زر 11 فیصد اور صحت کی خدمات کی افراطِ زر 14 فیصد رہی۔ اس بجٹ میں ان مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی گئی، بلکہ صرف انکم ٹیکس میں کمی پر زور دیا گیا، جو کہ دہلی انتخابات کے پیش نظر کیا گیا معلوم ہوتا ہے۔ ہندوستان میں بے روزگاری سب سے بڑی پریشانی ہے۔ اگر نوجوانوں میں بے روزگاری 2.10 فیصد اور گریجویٹس میں 13 فیصد ہے، تو یہ کیسے ممکن ہے کہ مجموعی بے روزگاری کی شرح صرف 2.3 فیصد ہو؟ حکومت کی منصوبہ بندی کیا ہے؟ کیا 2030 تک 78 لاکھ غیر زرعی نوکریاں پیدا ہوں گی؟

بے روزگاری مسلسل بڑھ رہی ہے، جبکہ غذائی افراطِ زر، تعلیمی افراطِ زر اور صحت کی خدمات کے بڑھتے اخراجات نے ہندوستانی خاندانوں کو بے بس کر دیا ہے۔ اس بجٹ میں اوسط ہندوستانی خاندانوں کے لیے بہت کچھ کیا جا سکتا تھا۔ وزیر خزانہ کو انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی میں کمی کرنی چاہیے تھی۔ منریگا کی اجرت بڑھائی جا سکتی تھی اور کم از کم اجرت ایکٹ کے تحت قانونی کم از کم اجرت میں اضافہ کیا جا سکتا تھا۔ آپ سرمایہ جاتی اخراجات میں کٹوتی کر کے اپنے مالی خسارے کو کم نہیں کر سکتے، خاص طور پر جب یہ کٹوتیاں زراعت، دیہی ترقی اور شہری ترقی جیسے اہم شعبوں میں کی جا رہی ہوں۔ غذائیت، صاف پانی، سماجی تحفظ، دیہی سڑکیں، فصل بیمہ اور بہبود سبسڈی کے منصوبوں میں بھی کمی دیکھی گئی ہے۔ سب سے زیادہ پریشان کن بات یہ ہے کہ درج فہرست ذاتوں، درج فہرست قبائل اور پسماندہ طلبہ کے لیے دی جانے والی اسکالرشپ اسکیموں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ وزیر خزانہ نے دعویٰ کیا کہ انہوں نے مالی خسارے کے ہدف کو حاصل کر لیا ہے لیکن یہ سرمایہ جاتی اخراجات میں 569,83,1 کروڑ روپے کی کٹوتی کر کے کیا گیا۔ اس میں صحت، تعلیم اور سماجی بہبود جیسے اہم شعبے متاثر ہوئے ہیں۔ یہ بھی باعث تشویش ہے کہ زراعت، دیہی ترقی اور شہری ترقی کے بجٹ میں زبردست کمی کی گئی ہے۔ غذائیت، صاف پانی، دیہی سڑکیں، فصل بیمہ اور اسکالرشپ جیسے فلاحی منصوبوں میں تخفیف ہوئی ہے، جو سب سے کمزور طبقات کو براہ راست متاثر کرے گی۔ حکومت مالی خسارے کے قابو میں ہونے کا دعویٰ کر رہی ہے، لیکن حقیقت میں اس نے ترقیاتی اخراجات میں زبردست کمی کی ہے۔ 1991 کے معاشی بحران میں ڈاکٹر منموہن سنگھ نے دانشمندی اور جرات مندانہ اصلاحات کے ذریعے ہندوستانی معیشت کو بدل دیا۔ میں وزیر خزانہ سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ بھی ایسی ہی دور اندیشی اپنائیں۔ اور میں ایک بار پھر پوچھتا ہوں، حکومت نے ابھی تک ڈاکٹر منموہن سنگھ کو بھارت رتن سے کیوں نہیں نوازا؟

## تبصرہ




"انشا اور تلفظ" از رشید حسن خان
صفحات: 71، قیمت: 45 روپے، اشاعت: 2011
ناشر: ڈائریکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، فروغ اردو بھون، FC-33-9، انسٹیٹیوشنل ایریا، جسولہ، نئی دہلی - 110025، فون نمبر: 49539000

رشید حسن خان اردو زبان وادب کے ایک عالم، محقق، ناقد اور ممتاز مدون تھے۔ وہ ایک اچھے مصنف اور تبصرہ نگار کے ساتھ تجزیہ نگار اور اردو املا کی اصلاح کے روح رواں بھی تھے۔ رشید حسن خاں اردو ادب میں بنیادی طور پر ایک ممتاز محقق اور مدون کی حیثیت رکھتے ہیں۔

رشید حسن خان نے طلبہ کی اصلاحِ زبان وادب کے لیے ''اردو کیسے لکھیں''، "عبارت کیسے لکھیں"، اور "انشا اور تلفظ" جیسی عمدہ کتابیں لکھیں۔ "انشا اور تلفظ" ان کی ایک بہترین تصنیف ہے اور یہ ایک بہت ہی مفید کتاب ہے، جس میں سادہ اور سہل زبان میں صحتِ زبان کے اصول سمجھائے گئے ہیں۔ یہ دو حصوں میں منقسم ہے: پہلا حصہ "انشا" سے اور دوسرا حصہ "تلفظ" سے متعلق ہے۔

پہلا حصہ "انشا"

پہلے حصے میں خان صاحب نے "انشا" کے مفہوم کو مثال کے ذریعے واضح کیا ہے۔ اس کتاب میں انھوں نے واضح کر دیا ہے کہ لفظ کس طرح لکھا جائے، یہ املا کا مسئلہ ہے۔ جملہ کس طرح لکھا جائے، یہ انشا کا مسئلہ ہے۔ عبارت کی خوبیوں اور خامیوں کا تعلق بھی انشا سے ہے۔ اچھی عبارت کے لیے ضروری ہے کہ جملے بے عیب ہوں۔ بے عیب جملے اسی وقت لکھ سکتے ہیں، جب لفظوں کو اچھی طرح جانتے ہوں۔ اچھی طرح جاننے کا مطلب یہ ہے کہ تین باتوں کا علم ضروری ہے: (۱) لفظ کا صحیح املا کیا ہے، (۲) اس کے معنی کیا ہے، اور (۳) جملے میں اسے کس طرح لانا چاہیے۔ اس تیسری بات میں قواعد اور روزمرہ محاورہ شامل ہیں۔ مطلب یہ کہ قواعد کی غلطی نہ ہو اور روزمرہ محاورہ بھی درست ہو۔

رشید حسن خان جملوں میں مشکل الفاظ کے استعمال سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں۔ مفہوم کو ادا کرنے کے لیے جب آسان لفظ موجود ہیں تو مشکل الفاظ کیوں استعمال کیے جائیں؟ ساتھ ہی جملے میں زائد الفاظ کے استعمال کو غیر ضروری بتاتے ہیں۔ زائد الفاظ سے مراد ایسے الفاظ ہیں جنھیں اگر نکال دیا جائے تو مفہوم پر اثر نہ پڑے اور عبارت پہلے سے بہتر ہو جائے۔ جملے میں لفظوں کے غیر ضروری تکرار کو انھوں نے عیب کہا ہے اور اس سے بچنے کی تلقین کی ہے۔ مثال کے طور پر: "تم کبھی بھی اس کام کو مکمل نہیں کر سکو گے" اس میں "کبھی بھی" کی جگہ صرف "کبھی" لکھنے پر بات پوری طرح واضح ہو رہی ہے۔

اس حصے میں انھوں نے جملے میں لفظوں کے صحیح انتخاب پر زور دیا ہے۔ لفظوں کے انتخاب میں صرف یہ پہلو مدنظر ہونی چاہیے کہ معنی، مطلب اور مفہوم صحیح طور پر ادا ہو جائے۔ خان صاحب نے صفت کے تین درجے بیان کیے ہیں: "بہہ (اچھا)، بہتر (بہت اچھا)، بہترین (سب سے اچھا) یہ بامعنی کلمے ہیں، لیکن ان کا استعمال اگر صحیح جگہ پر نہ ہوا تو بے معنی ہو جائیں گے۔ مثال کے طور پر "وہ قلم بہت بہتر ہے" میں "بہت" کا اضافہ بے معنی ہے اس کے ساتھ جملے میں فعل کی اہمیت کو بھی واضح کیا ہے۔ مثال کے طور پر "یہاں پرسوں بہت بڑا جلسہ ہونے جا رہا ہے" غلط ہے۔ درست جملہ یہ ہوگا: "یہاں پرسوں بہت بڑا جلسہ ہونے والا ہے" یا "یہاں پرسوں بہت بڑا جلسہ ہوگا"۔

خان صاحب جملہ معترضہ قوسین میں لکھنے کی تلقین کرتے ہیں۔ جملہ معترضہ اس عبارت کو کہتے ہیں جو اصل بات کا لازمی جزنہ ہو، لیکن کسی طرح عبارت سے نسبت رکھتی ہو۔ جملہ معترضہ لکھتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ قوسین میں لکھی عبارت اور قوسین سے باہر کی عبارت میں ربط و تسلسل قائم رہے۔


دوسرا حصہ "تلفظ"

اس کتاب کا دوسرا حصہ تلفظ سے متعلق ہے۔ املا اور انشا دونوں کا تعلق لکھنے سے ہے، جبکہ تلفظ کا تعلق پڑھنے سے ہے۔ جس طرح غلط املا پر اعتراض کیا جائے گا، اسی طرح غلط تلفظ پر بھی توجہ دی جائے گی۔ تلفظ کے غلط ہونے سے بہت سی جگہوں پر معنی و مفہوم بدل جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر لفظ "شہید" کی جمع "شُہَدا" ہے (ش پر پیش، ہ پر زبر)، جیسے "شہدا ئے کربلا"۔ لیکن "شُہْدا" (ش پر پیش، ہ پر ساکن) کا مطلب "آوارہ، بدکردار" ہے۔ اس طرح ایک حرف کے ساکن ہونے سے معنی بدل گیا۔

کتاب کے آخر میں ضمیمے کے طور پر ان لفظوں کو معانی کے ساتھ شامل کیا گیا ہے، جن سے متعلق طلبہ کو کسی طرح کا شک نہ ہو، اور معنی و مفہوم آسانی سے سمجھ میں آجائیں۔ مختصر طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ رشید حسن خان کی یہ کتاب طلبہ کے لیے کافی مفید و کارآمد ہے۔ ہر طالب علم کو اس کا بغور مطالعہ کرنا چاہیے۔

طاہرہ خاتون
(ریسرچ اسکالر، خواجہ معین الدین چشتی لینگویج یونیورسٹی لکھنؤ)

# وقف ترمیمی بل کے ممکنہ نقصانات اور قوم پر اس کے اثرات



سید شاہ واصف حسن واعظی

وقف املاک کا قوم کی بہبودی میں ایک اہم کردارہ ہوتا ہے۔ دراصل یہ املاک مسلمانوں کی فلاح و بہبود، مذہبی، تعلیمی اور سماجی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ صدیوں سے ان املاک کا نہ صرف مذہبی مقاصد سے استعمال کیا جاتا رہا ہے بلکہ مدارس، یتیم خانے، ہسپتال، رفاہی ادارے اور دیگر سماجی خدمات کیلئے بھی وقف کیا گیا ہے۔ تاہم حالیہ وقف ترمیمی بل کے ذریعے حکومت کو یہ اختیار حاصل ہو گیا ہے کہ وہ ان املاک کو عوامی مفاد کے نام پر اپنی تحویل میں لے سکتی ہے، جو مسلمانوں کے لیے ایک سنگین خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔

وقف املاک کا قوم کی بہبودی میں ایک اہم کردارہ ہوتا ہے۔ دراصل یہ املاک مسلمانوں کی فلاح و بہبود، مذہبی، تعلیمی اور سماجی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی رہی ہیں۔ صدیوں سے ان املاک کا نہ صرف مذہبی مقاصد سے استعمال کیا جاتا رہا ہے بلکہ مدارس، یتیم خانے، ہسپتال، رفاہی ادارے اور دیگر سماجی خدمات کیلئے بھی وقف کیا گیا ہے۔ تاہم حالیہ وقف ترمیمی بل کے ذریعے حکومت کو یہ اختیار حاصل ہو گیا ہے کہ وہ ان املاک کو عوامی مفاد کے نام پر اپنی تحویل میں لے سکتی ہے، جو مسلمانوں کے لیے ایک سنگین خطرے کا باعث بن سکتا ہے۔

**مسلمانوں کو درپیش ممکنہ نقصانات:** وقف املاک مسلمانوں کی مذہبی، تعلیمی اور سماجی ترقی میں ایک اہم ستون کی حیثیت رکھتی ہیں۔ ان پر قبضے کے نتیجے میں مسلمانوں کے کئی بنیادی ادارے خطرے میں پڑ سکتے ہیں۔ یہ بل مساجد، مدارس اور درگاہوں کو متاثر کرے گا۔ وقف کی زمینوں پر قائم مساجد، مدارس، اور درگاہوں کی خودمختاری ختم ہو جائے گی اور ان کی دیکھ بھال حکومت کے کنٹرول میں ہو جائے گی۔ اس سے یتیم خانے اور فلاحی ادارے بند ہو سکتے ہیں۔ یتیم خانوں اور رفاہی اداروں کو مالی بحران کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے کیونکہ ان کا انحصار وقف کی جائیدادوں سے حاصل ہونے والی آمدنی پر ہوتا ہے۔

**وقف بورڈز کی خودمختاری ختم ہو جائے گی:** حکومت وقف بورڈز کے فیصلوں میں براہ راست مداخلت کر کے ان کے مالی اور انتظامی اختیارات کو محدود کر سکتی ہے۔ وقف زمینوں کو سرکاری یا نجی منصوبوں کیلئے استعمال کیا جا سکے گا جس کے نتیجے میں مسلمانوں کی املاک ان کے ہاتھوں سے نکل جائیں گی اور وہ بے اختیار ہو جائیں گے۔

**عبادت گاہوں کی بے حرمتی اور زوال:** مسلمانوں کی مساجد اور دیگر مقدس مقامات ہمیشہ سے وقف املاک کا ایک لازمی حصہ رہے ہیں۔ اگر حکومت ان کو تحویل میں لے لیتی ہے تو کئی سنگین مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ مساجد کی مرمت اور دیکھ بھال حکومتی کنٹرول میں آجائے گی۔ یہ خدشہ ہے کہ حکومت اپنی پالیسی کے مطابق ان کی تزئین و آرائش کرے گی اور مسلمانوں کی مرضی اور ضروریات کو نظرانداز کر سکتی ہے۔

**بعض مساجد کو تاریخی ورثہ قرار دے کر ان کے استعمال پر پابندی لگائی جاسکتی ہے:**

کئی تاریخی مساجد کو اس قانون کے تحت عام نمازوں کیلئے بند کیا جا سکتا ہے یا ان کے استعمال کو محدود کیا جا سکتا ہے۔ نئے مساجد اور اسلامی مراکز کے قیام پر مزید سختیاں عائد ہو سکتی ہیں۔ پہلے ہی مسلمانوں کے عبادتی مراکز پر مختلف قسم کی پابندیاں عائد کی جا رہی ہیں اور اس قانون کے بعد مزید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

**تعلیمی اداروں پر اثرات:**

وقف املاک پر قائم مدارس اور اسلامی تعلیمی ادارے ہمیشہ سے مسلمانوں کے تعلیمی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ اس قانون کے نفاذ کے بعد ان اداروں کو کئی چیلنجز کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس سے مدارس کی خودمختاری ختم ہو جائے گی۔ حکومت ان مدارس پر کنٹرول حاصل کر سکتی ہے، جس سے ان کے نصاب، اساتذہ کی تعیناتی اور دیگر امور میں مداخلت کا امکان بڑھ سکتا ہے۔ اسلامی تعلیمات کو محدود کرنے کی کوششیں کی جا سکتی ہیں۔ اسلامی مدارس کو نشانہ بنا کر وہاں کے نصاب میں تبدیلیاں کی جا سکتی ہیں، جو مسلمانوں کے مذہبی تشخص کو متاثر کر سکتا ہے۔ مسلمانوں کے فلاحی ادارے مالی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں۔ مدارس اور دیگر تعلیمی ادارے وقف کی آمدنی پر انحصار کرتے ہیں، اگر ان کی زمینیں چھین لی جاتی ہیں تو یہ ادارے مالی طور پر کمزور ہو جائیں گے جس سے ہزاروں طلبہ اور اساتذہ متاثر ہو سکتے ہیں۔

**مسلمانوں کے معاشی اور سماجی بحران میں اضافہ:**

وقف املاک سے ہونے والی آمدنی مسلمانوں کی معیشت میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔ اگر یہ املاک سرکاری تحویل میں چلی جاتی ہیں تو لاکھوں مسلمان بے روزگار ہو سکتے ہیں۔ وقف کی جائیدادوں سے کئی کاروبار اور روزگار کے مواقع وابستہ ہیں، جو اس قانون کے نفاذ کے بعد ختم ہو سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں ہسپتال، اسکالرشپ پروگرام اور دیگر رفاہی کام جو وقف املاک کی آمدنی پر چلتے ہیں، بری طرح متاثر ہو سکتے ہیں۔ مسلمانوں کا حکومت پر انحصار بڑھ جائے گا کیونکہ جب مسلمان اپنی ہی املاک سے محروم ہو جائیں گے تو وہ سرکاری امداد اور فنڈز پر انحصار کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے ان کی خودمختاری مزید کم ہو جائے گی۔

**ملی قیادت پر اثرات:** یہ قانون نہ صرف مسلمانوں کی املاک پر قبضے کی راہ ہموار کرے گا بلکہ ان کی قیادت کو بھی شدید نقصان پہنچا سکتا ہے۔ حکومت اس قانون کی مخالفت کرنے والے علماء، دانشوروں اور سماجی کارکنوں کے خلاف کارروائی کر سکتی ہے۔ علماء اور مذہبی رہنماؤں پر مقدمات درج کیے جا سکتے ہیں۔ اگر وہ اس قانون کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں تو ان پر مختلف الزامات لگا کر انہیں قانونی جنگ میں الجھایا جا سکتا ہے۔ انکے خلاف گرفتاریوں اور مقدمات میں اضافہ ہو سکتا ہے۔ ملی قیادت کو کمزور کرنے کیلئے انہیں جیلوں میں ڈالا جا سکتا ہے یا ان کے اداروں کو زبردستی بند کیا جا سکتا ہے۔ ان کے اداروں کو غیر قانونی قرار دیا جا سکتا ہے۔ دینی مدارس، رفاہی تنظیمیں اور دیگر اسلامی اداروں کو حکومتی کنٹرول میں لے کر ان کی سرگرمیوں کو محدود کیا جا سکتا ہے۔ مسلم تنظیموں کے مالی ذرائع ختم کیے جا سکتے ہیں۔ حکومت ان کے فنڈز پر روک لگا سکتی ہے جس سے وہ مسلمانوں کی خدمت کرنے کے قابل نہیں رہیں گے۔ ان پر ملک مخالف سرگرمیوں کا الزام لگایا جا سکتا ہے۔ بعض ملی تنظیموں پر دہشت گردی یا غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا جھوٹا الزام لگا کر انہیں نشانہ بنایا جا سکتا ہے۔ ان کے اداروں کو حکومتی کنٹرول میں لے کر ان کے اثر و رسوخ کو کم کیا جا سکتا ہے۔ نتیجتاً مسلمانوں کی قیادت کمزور ہو جائے گی اور وہ اپنے بنیادی حقوق کیلئے مؤثر جدوجہد نہیں کر سکیں گے۔ مسلمانوں کی شناخت ملک سے بالکل ختم ہو سکتی ہے۔

**ممکنہ حکمت عملی اور حل:**

مسلمانوں کو چاہیے کہ وہ اس خطرے کے خلاف متحد ہو کر مختلف سطحوں پر مؤثر حکمت عملی اپنائیں، قانونی جنگ لڑیں، وقف املاک کے تحفظ کیلئے عدالتوں میں مضبوط مقدمے دائر کیے جائیں، سیاسی بیداری پیدا کریں، سیاسی جماعتوں اور قائدین کو اس مسئلے پر متحرک کیا جائے تاکہ حکومت پر دباؤ ڈالا جا سکے۔ سماجی سطح پر متحد ہوں، مسلم کمیونٹی کو ایک پلیٹ فارم پر لا کر اجتماعی جدوجہد کی جائے تاکہ حکومت کو اس قانون پر نظرثانی پر مجبور کیا جا سکے۔ وقف ترمیمی بل مسلمانوں کیلئے ایک سنگین خطرہ ہے، اس لیے ضروری ہے کہ مسلمان اس کے خلاف بروقت اقدامات کریں اور اپنے حقوق کا بھرپور دفاع کریں۔

9235555776

